© rasailojaraid.com



معلومات بہم پہنچائی ہے۔ فی الحقیقت فاضل مؤلف نے کتاب کا حق ادا کر دیا ہے۔ یہ کتاب ہر لحاظ سے مطالعہ کے قابل ہے۔

"قادیانیوں کو دعوتِ اسلام" مؤلف: مولانا محمد یوسف لدھیانوی

ضخامت ۴۸ صفحات — بڑا سائز — کاغذ کتابت طباعت عمدہ — قیمت درج نہیں ہے

ملنے کا پتہ مجلس تحفظ ختمِ نبوت۔ بالمقابل ریڈیو پاکستان۔ کراچی

یہ کتاب فاضل مؤلف نے مولانا سید محمد یوسف بنوری امیر تحفظ ختم نبوت پاکستان کے ایماء پر قلمبند کی ہے۔ اس میں انہوں نے مرزا غلام احمد قادیانی کے عقیدہ بعثتِ ثانیہ کی تشریح کرتے ہوئے اس کے آثار و نتائج کی تفصیل پیش کی ہے اور ثابت کیا ہے کہ یہ عقیدہ نہ صرف قرآنِ حکیم کی تصریحات کے منافی ہے بلکہ یہ عقل و خرد کے اعتبار سے بھی ذاتِ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی شان میں بدترین گستاخی ہے۔ فاضل مؤلف کے دلائل بڑے محکم اور وزنی ہیں۔ انہوں نے ہر بات پورے حوالہ کے ساتھ کی ہے اور مرزائیوں کو بڑے دردمندانہ انداز میں اسلام کی طرف لوٹنے کی دعوت دی ہے مرزائیوں کا کاروبار جس انداز میں چل رہا ہے، اس سے وہ اتنے دنیادی فوائد حاصل کر رہے ہیں کہ اس کا تصور کرکے بھی جھرجھری آجاتی ہے۔ ان لوگوں نے دین کے نام پر دجل و فریب کا جو جال پھیلا رکھا ہے اس میں ان کے پاؤں بری طرح جکڑے ہوئے ہیں۔ ہمیں امید نہیں کہ وہ کسی دردمند مسلمان کی دعوتِ حق پر کان دھریں لیکن ان میں شاید کوئی ایسی سعید روح نکل آئے جس کو ہدایت پانے کی توفیق نصیب ہو جائے۔ فاضل مؤلف نے بہرحال اپنا فرض ادا کر دیا ہے۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں اس محنت، اخلاص اور حسنِ نیت کا اجر عطا فرمائے گا۔ یہ کتاب نہ صرف مسلمانوں کو خود پڑھنی چاہیئے بلکہ اسے زیادہ سے زیادہ مرزائیوں تک بھی پہنچانی چاہیئے۔ (طالب ہاشمی)

"قومی اسمبلی میں اسلام کا معرکہ" از افادات شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ العالی!

ضخامت ۴۰۰ صفحات ناشر: مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک، پشاور

قیمت: پندرہ روپے

شیخ الحدیث مولانا عبدالحق جو دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک کے مہتمم اور ماہنامہ "الحق" کے سرپرست ہیں ۱۹۷۰ء میں قومی اسمبلی کے ممبر منتخب ہوئے۔ جہاں انہوں نے دارالعلوم کے مشاغل، بڑھاپے اور ضعف کے باوجود اعلائے کلمۃ الحق کے سلسلہ میں جو سعی کی اور سرگرمیاں دکھائیں، "قومی اسمبلی میں اسلام کا معرکہ" انہی سرگرمیوں کی رپورٹ ہے۔ جس میں آئین سازی اور اصلاحِ ملک و ملت کے اس نازک ترین دور میں ملک کے اعلیٰ ترین بااختیار ادارہ قومی اسمبلی کی گویا پوری تصویر آگئی ہے۔ حق و باطل کی اس کشمکش اور اعلائے کلمۃ الحق، دین کی سربلندی، معروفات کے فروغ، منکرات کے استیصال میں کس پارٹی نے کیا کردار ادا کیا؟ کن ارکان نے کون سا موقف اختیار کیا؟

© rasailojaraid.com